# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبہ اقبالیات)

**وارننگ**

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1- اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سر ٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism" پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

**کورس: اقبال کی فارسی شاعری۔(433)** **سمسٹر: خزاں، 2026ء**

**سطح: بی اے**

## مشقیں جمع کرانے کا اوقات نامہ

| 6 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ | 3 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ |
|---|---|---|---|
| مشق نمبر 1 | 15-12-2026 | -- | -- |
| مشق نمبر 2 | 08-01-2027 | مشق نمبر 1 | 08-01-2027 |
| مشق نمبر 3 | 30-01-2027 | -- | -- |
| مشق نمبر 4 | 20-02-2027 | مشق نمبر 2 | 20-02-2027 |
| نوٹ: ٹیوٹوریل شیڈول (رہنمائے طلبہ) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.aiou.edu.pk پر موجود ہے۔ | | | |

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

### (ہدایات برائے میٹرک، ایف اے اور بی اے پروگرام)

1۔ تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3- مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

4۔ آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

5۔ غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

**کل نمبر:100** **کامیابی کے نمبر:40**

# امتحانی مشق نمبر 1

## (یونٹ:1تا4)

سوال نمبر ا۔(الف) درج ذیل سوالات کے مختصر جواب تحریر کیجیے۔ (20)

1۔ مغربی تعلیم و تہذیب کے سمندر میں قدم رکھتے وقت وہ جتنا مسلمان تھا اس کے منجدھار میں پہنچ کر اس سے زیادہ مسلمان پایا گیا“
اقبال کے بارے میں یہ خیالات کس مشہور عالم کے ہیں؟

2۔ اقبال فن برائے فن کے قائل تھے یا فن برائے زندگی کے؟

3۔ مثنوی "پس چہ باید کرد اے اقوام شرق" کب شائع ہوئی؟

4۔ اقبال کے خیالی سفر افلاک کی روداد کس عنوان سے شائع ہوئی؟

5۔ مولوی میر حسن کون تھے؟

6۔ نکلسن نے اقبال کی کس فارسی کتاب کا ترجمہ کیا؟

7۔ "نوادرات" کے مصنف کا نام بتائیے۔

8۔ اقبال کی زیادہ فارسی غزلیں ان کی کن کتابوں میں ہیں؟

9 ۔ "تشبیب" کسے کہتے ہیں؟

10۔ "فصل بہار" اقبال کے کس مجموعہ کلام میں شامل ہے؟

11 ۔ سفر افلاک میں اقبال کا راہ نما کون تھا؟

12۔ مثنوی کا خاص وصف کیا ہے؟

13۔ "خطاب بہ جاوید" اقبال کی کس کتاب میں شامل ہے؟

14۔ "شعر العجم" کے مصنف کا نام بتائیے۔

15۔ سلطان مظفر بیگڑہ کہاں کا حکمران تھا؟

16۔ "گلشن راز جدید" کس شاعر کے جواب میں لکھی گئی؟

17۔ سید ہجویر کا نام اور کنیت کیا ہے؟

18۔ موسیقیت کے اعتبار سے اقبال کن دو مشہور شعراء کے ساتھ جگہ پاتے ہیں؟

19۔ اقبال کے نزدیک منکر حق اور منکر خود میں کون زیادہ کافر ہے؟

20۔ جب تم قرآن پڑھو تو سمجھو کہ یہ تم پر ہی اترا ہے، اقبال کو یہ نصیحت کس نے کی تھی؟

سوال نمبر2۔ اقبال کی فارسی شاعری میں ہئیت کے تجربوں پر نوٹ تحریر کیجیے۔ (20)

سوال نمبر3۔ نوجوان نے سید ہجویر سے کیا شکایت کی اور انھوں نے کیا جواب دیا؟ مفصل بیان کیجیے۔ (20)

سوال نمبر4۔ مختصر نوٹ تحریر کیجیے۔ 1۔ "عشق و عقل کا مقابلہ" 2۔ "عظمتِ آدم" (20)

سوال نمبر5۔ "پیام بہ جوانان" کے حوالے سے بحث کرتے ہوئے بتایئے کہ اقبال نوجوانوں سے کیا چاہتے تھے؟ (20)

**کل نمبر:100** **کامیابی کے نمبر:40**

# امتحانی مشق نمبر 2

## (یونٹ:5 تا8)

سوال نمبر1:(الف) مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جواب تحریر کیجیے- (20)

-1 "اللہ اللہ بابے بسم اللہ پدر / معنیِ ذبح عظیم آمد پسر" اس شعر میں کن شخصیات کی طرف اشارہ ہے؟

-2 فارسی غزل میں سب سے اعلیٰ مقام کس شاعر کو دیا جاتا ہے؟

-3 اقبال نے اپنی کس کتاب کے بارے میں خواہش ظاہر کی تھی کہ کاش یہ کتاب گوئٹے نے پڑھی ہوتی؟

-4 اقبال کے ہاں کبوتر کس چیز کی علامت ہے؟

-5 اقبال مردِ مومن میں کس قسم کی صفات دیکھنا چاہتے ہیں؟

-6 اقبال نے کس تہذیب کو فتنہ کہا ہے؟

-7 قرآن کریم میں حضرت سلیمان اور حضرت بلقیس کے قصے کے پردے میں کس کی مذمت کی گئی ہے؟

-8 اقبال عشق میں فراق و وصال میں سے کس فلسفے کے حامی ہیں؟

9 "بہ جبریلِ امیں ھم داستانم / رقیب و قاصد و درباں ندانم" اقبال نے کس کے متعلق کہا ہے؟

-10 اقبال نے محرم رازِ درونِ مے خانہ کسے کہا ہے؟

11- اقبال کے بقول عروجِ آدمِ خاکی سے ستارے خوف زدہ کیوں ہیں؟

12- ستاروں پر کمندیں ڈالنا کس جذبے کا اظہار ہے؟

13- اقبال خواجہ حافظ کی شاعری کے کس پہلو سے متاثر تھے؟

14- قرآن کریم کی کون سی سورت میں جنگجوؤں کی جنگجوئی کی مذمت ہے؟

15- اقبال کی فکر کا کلیدی لفظ کون سا ہے؟

16- شاعری میں اقبال کے اسلوب کو کیا نام دیا جا سکتا ہے؟

17- اقبال نے اپنی کس کتاب کو خلوت میں پڑھنے کی تاکید کی ہے؟

18- فارسی غزل کی ابتدا کس زمانے میں ہوئی؟

19- کائنات کس قسم کے لوگوں کے لیے قید خانہ ہے؟

20۔ ساحل، گرداب اور نہنگ میں کون سی صنعت پائی جاتی ہے؟

سوال نمبر 2-(الف) درج ذیل موضوعات پر اقبال کی اردو فارسی شاعری کے مترادف اشعار کے حوالے سے نوٹ تحریر کیجیے۔(20=10+10)

(I) شاہین اور چکور

(II) درسِ بے داری

سوال نمبر 3۔ اقبال کی فارسی غزلوں کا فکری تجزیہ پیش کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 4-"پیام مشرق" کی غزلیں اقبال کے دوسرے فارسی مجموعہ ہائے کلام سے مختلف ہیں، تائید یا تردید کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 5۔ "ارمغان حجاز" کا مفصل تعارف پیش کیجیے۔ (20)